


# قومی کرکٹرز  تاریخی نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں ٹیسٹ میچ کھیلنے کے لیے  بیتاب

- نیشنل اسٹیڈیم کراچی کا شمار دنیائے کرکٹ کے  بہترین گراؤنڈز میں ہوتاہےاور یہاں قومی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کاریکارڈبھی شاندار ہے، کپتان اظہر علی
- پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان ورلڈکپ 1996 کامیچ دیکھنے نیشنل اسٹیڈیم کراچی جانے  کے لیے اسکول سے چھٹی کی تھی، شان مسعود
- بطور تماشائی اسٹیڈیم کے انکلوژرز میں بیٹھ کر بھارت کےخلاف پاکستان کی جیت کا جشن منانے کے لیے اس قدر شور مچایا کہ گھر واپسی پر گلہ خراب ہوگیا، اسد شفیق
- تاریخی اسٹیڈیم میں ایک روزہ اور ٹی  ٹونٹی میچ کھیلنے کےبعد ٹیسٹ میچ کھیلنے کا منتظر تھا، بابراعظم
- ملک میں انٹرنیشنل میچز کا انعقاد،  نوجوان نسل کوکرکٹ سےجوڑے رکھنے  میں معاون ثابت ہوگا، فواد عالم
- گذشتہ چند سالوں سے کراچی کنگز کی نمائندگی کررہا، اب تو نیشنل اسٹیڈیم کراچی ہی  اپنا ہوم گراؤنڈ لگتا ہے، محمد رضوان

**لاہور،16دسمبر2019ء:**

ایک دہائی کےبعد، ملک میں ٹیسٹ کرکٹ کی واپسی کاسفر جاری ہے۔ پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں پہلا ٹیسٹ میچ کھیلنے کے  بعد قومی کرکٹ ٹیم کراچی پہنچ چکی ہے۔ پاکستان اور سری لنکا کے درمیان سیریز کا دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 19 سے 23 دسمبر تک تاریخی نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلا جائے گا۔

نیشنل اسٹیڈیم کراچی کو ٹیسٹ کرکٹ میں پاکستان کا قلعہ کہا جاتا ہےقومی کرکٹ ٹیم

نے یہاں41 میں سے 21 ٹیسٹ میچوں میں کامیابی حاصل کی۔اس مقام پر جیت کا قابل رشک تناسب رکھنے والی قومی کرکٹ ٹیم کو صرف 2ٹیسٹ میچوں میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ میں شامل سری لنکا کے خلاف سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ ڈرا ہونے کے بعد قومی کرکٹ ٹیم کراچی ٹیسٹ کو نتیجہ خیز بنانے کے عزم کا ارادہ رکھتی ہےاور اس سلسلے میں قومی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کے کپتان اظہر علی سمیت قومی کرکٹرز ملکی تاریخ کے نامور ٹیسٹ سنٹر میں سری لنکا کے مدمقابل آنے کےمنتظر ہیں۔

**اظہر علی:**

اظہر علی کا کہنا ہےکہ نیشنل اسٹیڈیم کراچی کا شمار دنیائے کرکٹ کے بہترین گراؤنڈز میں ہوتاہےاور یہاں قومی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کاریکارڈبھی شاندار ہے۔ کپتان قومی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم نے کہا کہ وہ اپنے ڈومیسٹک کیرئیر میں یہاں بہت میچز کھیل چکے ہیں مگروہ اسکواڈ میں شامل دیگر کھلاڑیوں کی طرح تاریخی اسٹیڈیم میں 19 دسمبر سے شروع ہونے والے ٹیسٹ میچ کے ٹاس کا شد ت سے انتظار کررہے ہیں۔

کراچی میں رہائش پذیرقومی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کے اوپنر شان مسعود نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم کراچی میں کئی فرسٹ کلاس میچز کھیل چکے ہیں۔ 30 سالہ کرکٹر اپنے شہر میں کرکٹ کی پہچان سمجھے جانے والے اس میدان میں سری لنکا کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ میں پاکستان کی جانب سے اننگزکا آغاز کرنے کے لیے بے تاب ہیں۔

**شان مسعود:**

شان مسعود کا کہنا ہےکہ انہوں نے بطور تماشائی نیشنل اسٹیڈیم کراچی کے مختلف انکلوژرز میں بیٹھ کر بہت میچز دیکھے، جس سے ان کی کرکٹ میں دلچسپی بڑھی۔ انہوں نےکہاکہ وہ ورلڈکپ 1996 میں پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان میچ دیکھنے کے لیے اسکول سے چھٹی لے کر نیشنل اسٹیڈیم کراچی پہنچے تھے، اسی طرح وہ روایتی حریف پاکستان اور بھارت کے درمیان ٹاکرا بھی نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں بیٹھ کر دیکھ چکےہیں۔انہوں نےکہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان اس سنسنی خیز میچ کا فیصلہ آخری اوور میں ہوا تھا۔

ٹیسٹ کرکٹ میں چھٹے نمبر پر بیٹنگ کرنے والے بیٹسمین کی حیثیت سے سب سے زیادہ سنچریاں اسکور کرنے کا ریکارڈ بنانے والے اسد شفیق کا تعلق بھی کراچی سے

ہے۔ قومی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کے مڈل آرڈر بیٹسمین اسد شفیق نیشنل اسٹیڈیم کراچی کی کنڈیشنز سے بخوبی آگاہ ہیں۔

طویل دورانیے کا وسیع تجربہ رکھنے والے اسد شفیق بھی بطور تماشائی نیشنل اسٹیڈیم کراچی  کا رخ کرچکے ہیں۔

**اسد شفیق:**

اسد شفیق نے کہا کہ 2006 میں پاکستان اور بھارت کے  درمیان نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلا گیا ٹیسٹ میچ دیکھنے وہ اسٹیڈیم میں موجود تھے۔ مڈل آرڈر بیٹسمین نے کہا کہ میچ کے  دوران فاسٹ باؤلر محمد آصف نے  بہترین اسپیل کیا تھا، جس کی بدولت پاکستان نے بھارت کومیچ میں  شکست سے دوچار کیا۔ انہوں نے کہا کہ میچ میں محمد آصف کا سچن ٹنڈولکر کو آؤٹ کرنا انہیں آج بھی یاد ہے اور انہوں نے انکلوژر میں بیٹھ کر اس وکٹ کا جشن منانے کے لیے اس قدر شور مچایا کہ گھر واپسی پر ان کا گلہ خراب ہوچکا تھا۔

ایک روزہ کرکٹ میں تسلسل سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بابراعظم طویل دورانیے کی کرکٹ میں بھی قومی اسکواڈ کا اہم حصہ بن چکے ہیں۔ راولپنڈی ٹیسٹ کے آخری روز سنچری اسکور کرنےوالے بابراعظم بھی کرکٹ کےاہم ترین فارمیٹ کے نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں انعقاد پر مسرور ہیں اور انہوں نے اس سلسلے میں شائقین کرکٹ سے بڑی تعداد میں اسٹیڈیم کا رخ کرنےکی درخواست کی ہے۔

**بابراعظم:**

بابراعظم کاکہناہےکہ وہ نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں  سری لنکا  کے خلاف سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میچ کے انعقاد پر خوش ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ تاریخی اسٹیڈیم میں ایک روزہ اور ٹی  ٹونٹی کرکٹ کھیلنے کےبعد ٹیسٹ میچ کھیلنے کے منتظر تھے۔وہ پرامید ہیں کہ قومی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم باؤلنگ اور بیٹنگ سمیت تمام شعبوں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرکےسیریز کا آخری میچ جیتنے کی ہر ممکن کوشش کرے  گی۔

انہوں نے کہا کہ کراچی کے شہریوں سے درخواست ہے کہ وہ پانچ روزہ کرکٹ میچ دیکھنے کےلیے  بڑی تعداد میں اسٹیڈیم کا رخ کریں۔

قائداعظم ٹرافی کے دوران سندھ کی نمائندگی کرنے والے مڈل آرڈر بیٹسمین فواد عالم نے اپنے بیشتر میچز نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں ہی کھیلے۔ ڈومیسٹک کرکٹ میں بہترین

کارکردگی کے نتیجے میں انہیں قومی کرکٹ ٹیم میں شامل کیا گیا۔ فواد عالم نے ایونٹ میں تین سنچریاں اور چار نصف سنچریاں اسکور کیں۔ اس دوران ان کا بہترین اسکور سدرن پنجاب کے خلاف ایک اننگز میں 211 رنز تھا۔

**فواد عالم:**

فواد عالم کا کہناہے کہ ٹیسٹ کرکٹ کی کراچی میں واپسی کے سلسلے میں یہ ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہاکہ امید ہے شائقین کرکٹ بڑی تعداد میں اسٹیڈیم کا رخ کریں گے۔ فواد عالم نے کہا کہ ملک میں انٹرنیشنل میچز کا انعقاد، نوجوان نسل کوکرکٹ سے جوڑے رکھنے میں معاون ثابت ہوگا۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل میں کراچی کنگز کی نمائندگی کرنےوالے محمد رضوان کے لیے نیشنل اسٹیڈیم کراچی ایک ہوم گراؤنڈ کی حیثیت اختیار کرگیا ہے۔

**محمد رضوان:**

وکٹ کیپر بیٹسمین کا کہنا ہےکہ وہ گذشتہ چند سالوں سے کراچی کنگز کی نمائندگی کررہے ہیں، اب تو انہیں کراچی ہی اپنا ہوم گراؤنڈ لگتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں ٹیسٹ کرکٹ کی واپسی پر وہ بہت خوش ہیں اور وہ سری لنکا کے خلاف دوسرے ٹیسٹ میچ میں شائقین کرکٹ کی امیدوں پر پورا اترنے کی کوشش کریں گے۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4